رسول اللہ ﷺ کا بستر چمڑہ کا تھا، اور اس میں کھجور کے درخت کی پتلی چھال بھری ہوئی تھی

امّ المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، وہ کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ کا بستر چمڑہ کا تھا، اور اس میں کھجور کے درخت کی پتلی چھال بھری ہوئی تھی، مسلم کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا وہ تکیہ جس پر آپ ﷺ ٹیک لگاتے تھے، چمڑہ کا تھا جس میں کھجور کے درخت کی پتلی چھال بھری ہوئی تھی
[صحیح] [متفق علیه]

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے خبر دی کہ رسول اللہ ﷺ کا بستر جس پر آپ آرام فرماتے تھے، دباغت دیے ہوئے چمڑہ کا تھا اور اس میں کھجور کے درخت کی چھال بھری ہوئی تھی، اسی طرح آپ ﷺ کا تکیہ بھی تھا جس پر آپ ٹیک لگاتے تھے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/65820